Fikr-o-Nasar (Islamabad) 29:4 (1992)

تبصــــرہ کتب

نام کتاب :حکیم محمد موسیٰ امرتسری : ایک ادارہ ، ایک تحریک
مؤلف : سیّد محمد عبداللہ قادری
ناشر : داتا گنج بخش اکیڈمی، همایوں سٹریٹ، بلال گنج لاهور
صفحات : اسّی
قیمت : تیس روپے

جناب حکیم محمد موسیٰ امرتسری اپنی علم دوستی اور کتاب شناسی کی بدولت ملک کے علمی اور دینی حلقوں کی جانی پہچانی شخصیت هیں ۔ حال هی میں انهوں نے چھ هزار کے لگ بھگ کتابوں پر مشتمل اپنا کتب خانہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بطور عطیه پیش کیا ہے۔ حکیم صاحب نے مختلف اشاعتی اداروں کے زیر اهتمام درجنوں کتابچے هزاروں کی تعداد میں تقسیم کیے هیں ۔ نشرواشاعت کے ساتھ ساتھ انهوں نے خود بھی چند بهت وقیع مضامین قلمبند کیے هیں جن میں حضرت علی هجویریؒ کی تالیف ,,کشف المحجوب،، پر ان کا مقدمه خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے جو مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری کے ,,ترجمۂ کشف المحجوب،، کے ساتھ شائع هوا ہے۔

سیّد محمد عبداللہ قادری کو نه صرف حکیم محمد موسیٰ امرتسری صاحب سے عقیدت و ارادت ہے بلکه انهیں دو سال حکیم صاحب کے بهت قریب رهنے کا موقع ملا ہے۔ انهوں نے حکیم صاحب کی سوانح حیات اور علمی و دینی خدمات پر یه کتابچه لکھ کر اس

روایت کو آگے بڑھایا ہے کہ اهل علم و دانش کی قدر دانی ان کی زندگی میں بھی ہونی چاہیئے ۔ قادری صاحب کی یہ پہلی کاوش ہے جو کتابی شکل میں شائع ہوئی ہے ، چند فنی کمزوریوں کے باوجود کتابچہ اردو کے سوانحی ادب میں مفید اضافہ ہے۔

(اختر راہی)

★★★